کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام مندرجہ ذیل مسئلہ کے بارے میں۔
"الجہاد ماض الی یوم القیامۃ" اس حدیث کی استنادی
حیثیت کیسی ہے۔

کیا اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اس
فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر قیامت تک مسلسل بلاتعطل قتال
ہوتا رہے گا؟ اور کیا نفس الامر میں بھی ایسا ہی ہوتا رہا ہے؟
زید کہتا ہے کہ!
اس حدیث شریف سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ ہر دور میں
ہر وقت بلاتعطل قتال بالسیف ہوتا رہے گا۔ بلکہ اس سے مراد مشروعیت
و فرضیت جہاد ہے۔ اور یہ فرضیت و مشروعیت قیامت تک
باقی رہے گی۔ عام ہے کہ کسی دور میں قتال بالسیف نہ بھی ہو۔ اور اپنی اس
مراد پر دلیل فتح القدیر کتاب السیر سے پیش کرتا ہے کہ وہاں اس
حدیث کے بعد "ای فرضاً باقیاً" ہے۔ زید اپنے اس قول میں
مصیب ہے یا مخطی؟

اس حدیث شریف سے مراد اقدامی جہاد ہے یا دفاعی؟
اقدامی یا دفاعی جہاد کے لیے امیر المومنین کی کیا موجودگی ضروری ہے؟
یا اپنے طور پر کوئی بھی گروہ یا جماعت کسی کو امیر منتخب کر کے دفاعی یا اقدامی
جہاد کر سکتی ہے؟

لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون علی الحق... الخ (ابوداود شریف، باب فی دوام الجہاد)
میں قتال سے مراد دفاعی جہاد ہے یا اقدامی؟ اور کیا اس کا وقوع نفس الامر
میں بھی موجود رہا ہے۔ براہ کرم بندہ کی تشفی فرما کر شاکر و ممنون فرمائیں۔

المستفتی
ابوالقاسم محمد راشد گوسکوی

جامعۃ اشرف المدارس
دارالافتاء
گلشن اقبال، کراچی، پاکستان

الجواب حامداومصليا

حدیث پاک میں بعینہ یہی الفاظ تو مذکور نہیں ہیں مگر ان الفاظ کا مفہوم یعنی ''مشروعیت جہاد تا قیامت'' نصوص قطعیہ سے ثابت ہے۔جس کے نسخ کا کوئی بھی قائل نہیں ہے۔البتہ اس حدیث پاک سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ تا قیامت بلا تعطل قتال بالسیف ہوتا رہے گا اور نہ ہی نفس الامر میں ایسا ہوا ہے۔ ملاحظہ ہو۔روضۃ الطالبین للنووی ۲۰۸/۱۰) اور اس بارے میں زید کا قول صواب ہے، کہ مشروعیت وفرضیت جہاد (باعتبار حالات فرض عین یا فرض کفایہ) قیامت تک باقی رہے گی۔اور جن احادیث میں تا قیامت جہاد وقتال جاری رہنا وارد ہوا ہے، ان کو شارحین نے مطلق ذکر کیا ہے اس لیے جہاد کی دونوں قسمیں (اقدامی اور دفاعی) مراد ہیں۔

اقدامی جہاد کے لیے ضروری ہے کہ اس سے مقصود اعلاء کلمۃ اللہ ہو اور ذاتی اغراض وابستہ نہ ہوں ورنہ وہ جہاد فی سبیل النفس ہوگا نہ کہ فی سبیل اللہ۔اور اسی طرح ایک ایسے شخص کو امیر منتخب کرنا بھی ضروری ہے کہ سب لوگ اس کی قیادت پر متفق ہوں۔البتہ مختلف جگہوں پر مختلف امیر ضروری امور کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیے جاسکتے ہیں۔چنانچہ امام نووی جہاد سے متعلق چند اہم باتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ''روضۃ الطالبین'' میں رقم طراز ہیں:

وان قام من فيه كفاية ،سقط عن البا قين وتحصل الكفا ية بشيئين احدهما ان يشحن الامام الثغور با حكام الحصون وحفر الخنا دق ونحوهما ،ويرتب فى كل نا حية اميرا كا فيا يقلده الجهاد وامور المسلمين ......ولا يجوز اخلاء سنة عن جهاد الالضرورة بان يكون فى المسلمين ضعف وفى العدو كثرة ويخاف من ابتدا ئهم الاستئصال اولعذر با ن يعز الزاد وعلف الدواب فى الطريق فيوخر الى زوال ذلك اوينتظر لحا ق مدد اويتوقع اسلام قوم فيستميلهم بترك القتال هذا ما نص عليه الشافعى ۔(روضة الطالبين ۲۰۸/۱۰المكتب الاسلامى كويت)

اور تیسری شرط یہ ہے کہ " اعدوا لهم ما استطعتم " کے حکم خداوندی کی بنا پر ضروری ہے کہ لڑنے اور قتال کرنے کی قوت بھی ہو اور غلبے کا غالب گمان بھی ہو، بصورت دیگر ''جہاد فی سبیل اللہ کے ثمرات حاصل نہیں ہوں گے بلکہ اس سے مضرت بھی لاحق ہوسکتی ہے۔لھذا اگر مسلمانوں کی ہلاکت یقینی ہو اور کفار کا کچھ نہ بگڑتا ہو تو اس وقت جہاد کرنا جائز نہ ہوگا۔جیسے کہ امداد المفتیین ۱۰۲۲/۲ پر مرقوم ہے۔

اور ''حدیث ابی داود'' میں طائفہ مقاتلین سے صرف مقاتلین بالسیف مراد نہیں ہیں۔بلکہ اس کے بارے میں مختلف اقوال وارد ہیں۔چنانچہ امام بخاری کے نزدیک اس سے اہل علم مراد ہیں۔اور امام نووی کے نزدیک یہ طائفہ مقاتلین عام ہے اور دین کے تمام شعبوں میں جستجو کرنے والے حضرات اس سے مراد ہیں۔

فى اعلاء السنن:

عن انس قال :قال رسول اللهﷺ من اصل الايمان :الكف عمن قا ل لااله الاالله لا تكفره بذنب ولا تخرجه من الاسلام بعمل والجهاد ما ض مذ بعثنى الى ان يقاتل آخر امتى الدجا ل ،لا يبطله جور جا ئر ولا عدل عادل والايمان با لاقدار ۔ رواه ابو داود وسكت عنه المنذرى وله شواهد ،كذا فى النيل ،قلت فا لحديث حسن صا لح للاحتجاج به ۔وفيه دليل على ان الجهاد لا يزال ما ضيا ما دا م الاسلا م والمسلمون الى ظهور الدجا ل ۔(كتاب السير ۳/۱۲ ادارة القرآن)

وفى مرقا ة المفا تيح :

الجهـا د فـرض عـلـى الكـفا ية اما الفرضية فلقوله تعالىٰ :فا قتلو االمشر كين حيث وجدتموهم وقوله تعالىٰ :وقا تلوهم حتىٰ لا تكون فتنة ويكون الدين كله لله ۔وقوله تعالىٰ : كتب عليكم القتال وهو كره لكم وقا تلوا المشر كين كا فة كما يقاتلو نكم كا فة ۔وقوله تعالىٰ : انفرو ا خفـا فـا و ثـقا لا الاية وان الامر به للندب ۔ويجب حمله ان صح على انه ليس بفر ض عين ۔واما قوله صلى الله عليه وسلم " الجها د ما ض الى يو م القيا مة " فدليل على وجو به ،وانه لا ينسخ ۔وهذا لا ن خبر الواحد لا يفيد الافتراض ۔وقول صا حب الايضا ح : اذا تايد خبر الوا حد با لكتاب والاجما ع يفيد الفرضية ممنو ع ۔بل المفيد حينئذ الكتا ب وا لاجما ع ۔وجا ء الخبر على وفقهما ،والحديث رواه ابو دا ود من حديث انس قا ل :قا ل رسو ل الله صلى الله عليه وسلم من حديث :والجها د ما ض منذ بعثنى الله الى ان تقا تل اخر امتى

Scanned by CamScanner

الدجا ل لا يبطله جور جائر وعدل عادل ـولا شك ان اجماع الامة ان الجهاد ماض الى يوم القيامة لم ينسخ ،فلا يتصور نسخه بعد النبى ﷺ وانه لا قائل ان يقاتل آخر الامة الدجال ،ينتهى وجوب الجهاد ،واما كونه على الكفاية فلان المقصود ليس مجرد ابتلاء المكلفين بل اغراء المكلفين ودفع الشر الكفار عن المومنين بدليل قوله تعالىٰ :وقاتلوهم حتىٰ لا تكون فتنة ويكون الدين كله لله ،فاذا حصل ذلك بالبعض سقط لحصول ما هو المقصود منه ،كصلوٰة الجنازة المقصود منها قضاء حق الميت والاحسان اليه ـ(كتاب الجهاد ۳۴۹/۷مكتبه حقانيه ملتان)

وفى فتح البارى :

باب الجهاد ماض مع البر والفاجر لقول النبى ﷺ :الخيل معقود فى نواصيها الخير الى يوم القيامة ـ

قوله باب الجهاد ماض مع البر والفاجر ......هذه الترجمة لفظ حديث بنحوه ابو داود وابو يعلىٰ مرفوعا وموقوفا عن ابى هريرة رضى الله عنه ولا باس برواته ،الا ان مكحولا لم يسمع من ابى هريرة ،وفى الباب عن انس اخرجه سعيد بن منصور وابو داود ايضا وفى اسناده ضعف ......وفى الحديث الترغيب فى الغزو على الخيل وفيه ايضا بشرى ببقاء الاسلام واهله الى يوم القيامة ،لان من لازم بقاء الجهاد بقاء المجاهدين وهم المسلمون ،وهو مثل الحديث الآخر "لا تزال طائفة من امتى يقاتلون على الحق الخ"(كتاب الجهاد ۷۰/۶قديمى)

وفى سنن ابى داود :

عن عمران بن حصين قال قال رسول الله ﷺ لا تزال طائفة من امتى يقاتلون على الحق ظاهرين على من ناواهم حتى يقاتل آخرهم المسيح الدجال ـ(باب فى دوام الجهاد ۳۳۶/۱ايچ ايم سعيد)

وفى بذل المجهود :

باب فى دوام الجهاد اى يدوم الجهاد الى قتال الدجال ......قوله ظاهرين اى غالبين منصورين اومعروفين مشهورين على من ناواهم اى حاديهم ـقال الطيبى ان تنزيل امثال هذا الحديث على الطائفة المنصورة من اهل الشام اولى انتهى ـوالاولىٰ ان يقاتل من جهة الشام ليدخل اهل الروم فى المراد فانهم القائمون فى هذا الزمان بهذا الوظيفة حق القيام نصرهم الله تعالىٰ وخذل اعداء هم اللئام الى يوم القيامة ـحتى يقاتل آخرهم المسيح الدجال اى المهدى وعيسىٰ عليه السلام واتباعهما ويقتله عيسىٰ عليه السلام بعد نزوله من السماء على المنارة البيضاء شرقى دمشق بباب لد من بيت المقدس حين حاصر المسلمين وفيهم المهدى وبعد قتله لا يكون الجهاد باقيا اما على ياجوج وماجوج فلعدم القدرة والطاقة عليهم وبعد هلاك الله اياهم لا يبقى على وجه الارض كافرا ما دام عيسىٰ عليه السلام حيا فى الارض ......فماوقع فى بعض الاحاديث لا تزال طائفة من امتى ظاهرين على الحق حتى تقوم الساعة يحمل على قربها فان خروج الدجال من اشراطها ـ(باب فى دوام الجهاد ۴۰۳/۳معهد الخليل)

وفى عون المعبود :

قوله لا تزال طائفة من امتى ......قال النووى واما هذه الطائفة فقال البخارى هم اهل العلم ......وقال النووى :ويحتمل ان هذه الطائفة متفرقة بين انواع المومنين منهم شجعان مقاتلون ،ومنهم فقهاء ،ومنهم محدثون ومنها زهاد وآمرون بالمعروف والناهون عن المنكر ،ومنهم اهل انواع اخرى من الخير ولا يلزم ان يكونوا مجتمعين بل قد يكون متفرقون فى اقطار الارض ـقال النووى وفيه دليل لكون الاجماع حجة وهو اصح ما يستدل به له من الحديث ـ(باب فى دوام الجهاد ۱۱۷/۷مكتبه دارالباز مكه مكرمه)

وفى مرقاة المفاتيح :......(كتاب الجهاد ـالفصل الثانى ۳۸۳/۷ مكتبه حقانيه ملتان)

والله اعلم بالصواب
عبدالحکیم عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ اشرف المدارس
گلشن اقبال بلاک 2 کراچی

(مہر) جامعہ اشرف المدارس — دار الافتاء — گلشن اقبال، کراچی، پاکستان

الجواب صحیح
المفتی عبدالحمید ربانی
دارالافتاء جامعہ اشرف المدارس
گلشن اقبال ـ کراچی ـ پاکستان
حوالہ نمبر 59/22
۲/۳/۱۴۳۰ھ

Scanned by CamScanner